# تپ دق کے خوابیدہ انفیکشن کا ایک ماہ کا علاج: آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین کی معلومات برائے مریضاں

تپ دق (Tuberculosis, TB) کے خوابیدہ انفیکشن کے ایک ماہ کے علاج میں دو ادویات شامل ہوتی ہیں — یعنی **آئیسونیازیڈ** اور **ریفاپینٹین** — جو دونوں علیحٰدہ گولیوں کی شکل میں آتی ہیں اور ملا کر لینی ہوتی ہیں۔

- یہ گولیاں بذریعہ منہ 28 دنوں تک ہر روز لیں
- چار تا چھ گولیاں روزانہ لیں، جس کا انحصار آپ کو تجویز کردہ خوراک پر ہے
- گولیاں روزانہ ایک ہی وقت پر کھانے کے ساتھ لیں

## آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین کون نہیں لے سکتا؟

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو بتا دے گا کہ آیا آپ آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین لے سکتے ہیں۔ درج ذیل صورتوں میں یہ ادویات آپ کو منع ہوں گی:

- آپ کی عمر 13 سال سے کم ہو یا آپ کا وزن 66 پاؤنڈز (30 کلوگرام) سے کم ہو
- آپ فی الوقت HIV کے لیے انتہائی فعال اینٹی وائرل ادویات لے رہے ہوں
- آپ حاملہ ہوں، حمل سے ہونے کا ارادہ ہو یا چھاتی سے دودھ پلا رہی ہوں
- تپ دق کی مصدقہ یا مشتبہ بیماری میں مبتلاء ہوں

## اگر میں دوسری ادویات لے رہا ہوں یا دیگر بیماریوں کا علاج کروا رہا ہوں، تو کیا ہو گا؟

اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں، اگر آپ:

- کوئی دوسری ادویات لے رہے ہوں، بشمول جڑی بوٹیوں کی ادویات، بغیر نسخے کی ادویات، وٹامنز اور پیدائشی کنٹرول کی ادویات
- کسی دوسری بیماری یا حالات میں مبتلاء ہوں یا دوسری بیماریوں یا حالات کا علاج کروا رہے ہوں

## آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین کے بارے میں مجھے مزید کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

- اسیٹیمینوفِن (Tylenol) پر مشتمل کوئی بھی ادویات **نہ** لیں یا آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین لیتے وقت الکحل سے دور رہیں
- ریفاپینٹین میں نائٹروسامین نامی آلودگی کی تھوڑی سی مقدار موجود ہو سکتی ہے، جو اکثر پانی اور کھانے میں پائی جاتی ہیں۔ تاہم، ریفاپینٹین لینے کے فوائد ان خطرات سے زیادہ ہیں جو ان آلودگیوں کی وجہ سے لاحق ہو سکتے ہیں
- اگر آئیسونیازیڈ اور ریفاپینٹین لینے کے حوالے سے آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہوں، تو اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں

## آئیسونیازیڈ اور رائفاپینٹائن کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

اگر آپ کو درج ذیل میں سے کوئی ضمنی اثرات لاحق ہوں، تو اپنے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں:

- چکر آنا
- متلی
- قے کرنا
- تھکاوٹ (تھکن محسوس کرنا)
- جلد پر سرخ دانے
- بھوک میں کمی
- پٹھے یا جوڑوں میں درد
- بخار
- آنسوؤں، پسینہ یا پیشاب میں سرخی
- پیٹ میں درد یا تکلیف
- خون کی کمی
- جگر کے افعال کے ٹیسٹوں میں اضافہ

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

اس TB چیسٹ سنٹر کو کال کریں جہاں سے آپ علاج کرا رہے ہیں:

- **Corona:** 718-396-5134
- **Morrisania:** 718-838-6876
- **Fort Greene:** 718-249-1468

TB کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health/tb ملاحظہ کریں۔

Urdu 1.25